© rasailojaraid.com



زمانے کی دستبرد سے محفوظ نہیں رہ سکیں اور یہ صرف ہمارا دعویٰ نہیں بلکہ دنیا کا ہر آدمی اس حقیقت سے واقف اور اس کا معترف ہے کہ ''قرآن کریم'' کی صورت میں مسلمانوں کا مکمل ''دستورِ زندگی'' انتہائی محفوظ دستور ہے۔حقائق اور واقعات سے جتنی مناسبت ہمیں اس آخری آسمانی کتاب میں دکھائی دیتی ہے کسی اور صحیفے میں تلاش بسیار کے بعد بھی اس کی نظیر نہیں ملتی، زیر تبصرہ کتاب ''آسمانی صحائف اور قرآن کریم'' میں اسی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے، تورات اور انجیل کے بارے میں قدرے مفصل معلومات ہیں گویا کہ کتب سماوی کے حوالے سے مذکورہ کتاب اہم دستاویز ہے۔انداز تحریر سادہ اور دلنشیں ہے اور نسل نو کو مذہب کی طرف راغب کرنے اور انہیں اسلام اور تعلیمات خداوندی سے آگاہ کرنے میں ایک اہم اضافہ ہے۔حضرت مولانا فضل الرحیم اشرفی (لاہور)، مفتی خالد محمود (کراچی) اور ڈاکٹر تنویر احمد کی تقاریظ نے کتاب کو مستند بنا دیا ہے۔

● **نام کتابچہ:** ''سیرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ایک عالمگیر ودائمی نمونۂ عمل''۔ دعاء خیر، تلخیص وتدوین: ڈاکٹر عرفان خالد ڈھلو
ناشر: شعبہ علوم اسلامیہ یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور

قرن اوّل سے لے کر اب تک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارکہ پر بے شمار کتب لکھی جا چکی ہیں اور یہ سلسلہ ان شاء اللہ تا قیامت جاری وساری رہے گا، سیرت نگاروں نے متعدد ومتنوع اسالیب اختیار کیے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ کے کسی بھی پہلو کو تشنہ نہیں چھوڑا۔زیر تبصرہ کتابچہ ''سیرت محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم، ایک عالمگیر ودائمی نمونۂ عمل'' اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔۲۰ صفحات کے اس کتابچہ میں ڈاکٹر عرفان خالد ڈھلو نے علامہ سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ کے ۱۹۲۵ء میں دیے گئے ۸ لیکچرز کی تلخیص کر کے ان کو ایک اچھوتے اور منفرد اسلوب میں پیش کیا ہے، اس کتابچہ کے مطالعہ سے یقیناً محبت واطاعت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا جذبہ اور مطالعۂ سیرت کا ذوق پیدا ہوگا۔

● سہ ماہی بکھرے پھول (ختمِ نبوّت نمبر) رابطہ: بکھرے پھول سرائے نورنگ، ضلع لکی مروت (خیبر پختون خوا) 0301-3005313

ختم نبوت ایک بنیادی اور اعتقادی مسئلہ ہے جس پر کفر وایمان کا انحصار ہے، جس طرح ایک سچے اور برحق نبی کو نہ ماننا کفر ہے اسی طرح ایک جھوٹے نبی کو ماننا کفر ہے۔ختم نبوت کا عقیدہ اپنے ماننے والوں میں بے پناہ تیقن، اعتماد اور ثابت قلبی پیدا کرتا ہے جس سے انسان کی ذہنی وعملی صلاحیتوں کو زبردست مہمیز ملتی ہے۔اسی عقیدہ کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے صاحبزادہ امین اللہ، مولانا محمد طیب طوفانی اور منتظمین سہ ماہی ''بکھرے پھول'' نے ختم نبوت نمبر شائع کیا ہے جس میں نومسلم قادیانیوں کے قبول اسلام کی ایمان افروز آپ بیتیاں درج ہیں۔اللہ تعالیٰ اس دینی، دعوتی اور اصلاحی جریدے کو قبولیتِ عامہ عطا فرمائیں۔



© rasailojaraid.com